صدّیق کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ بہت زیادہ لعنت کرنے والا ہو

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”صدّیق کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ بہت زیادہ لعنت کرنے والا ہو“

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

بہت زیادہ لعنت کرنا صدیقیت کے درجے کے منافی ہے جو کہ نبوت کے بعد سب سے بلند ترین درجہ ہے جس سے بندۂ مومن اللہ تعالی کے قریب جا سکتا ہے، لعن وطعن سے بچنا اس درجے کو پانے کے وسائل میں سے ہے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6984

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY